**●: ''پاکستان میں اردو سیرت نگاری'' (ایک تعارفی مطالعہ)	مؤلف: سید عزیز الرحمٰن**

صفحات: ۱۷۶	قیمت: ۱۵۰ روپے	ناشر: زوّار اکیڈمی پبلی کیشنز A-17/4/4 ناظم آباد نمبر ۴ کراچی۔

سید عزیز الرحمٰن زیرِ نظر کتاب کے مؤلف، السیرہ کے مدیر اور نامور محقق ہیں۔ وہ ''پیش گفتار'' میں لکھتے ہیں:

''پاکستان میں سیرت نگاری کے حوالے سے ۶۵ سالہ سفر کی داستان دراصل راقم کی ایک گفت گو ہے جو ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد میں منعقد ایک نشست میں ۲۶ نومبر ۲۰۰۹ء کو کی گئی تھی۔ خلافِ توقع اسے پسند کیا گیا اور اس نشست میں موجود کئی ایک اہلِ علم نے اسے شائع کرنے کی طرف توجہ دلائی مگر اس وقت یہ گفت گو زیادہ تر زبانی تھی۔ چند اشارے تھے جو کاغذ پر تحریر تھے۔ بعد میں اس نشست کے سرپرست اور راقم کے مہربان و مخدوم جناب ڈاکٹر ظفر اسحاق انصاری کا حکم موصول ہوا کہ اسے مرتب کیا جائے۔''

سیرت نگاری کا موضوع یقیناً بہت وسیع ہے۔ ایک موضوع پر ہزاروں صفحات لکھے جا سکتے ہیں۔ لیکن سید عزیز الرحمٰن نے خود کو پاکستان میں اردو سیرت نگاری تک محدود رکھا ہے۔ اور اس کی فہرست مرتب کی ہے تاکہ مزید تحقیق کرنے والوں کے لیے آسانیاں پیدا ہوں۔

زیرِ نظر کتاب میں ڈیڑھ سو کے قریب اہم کتب اور رسائل کے خاص نمبروں کا تعارف ہے۔ سید عزیز الرحمٰن نے ۲۷ موضوعات پر مختصراً لکھا ہے۔ یہ تمام موضوعات اہمیت رکھتے ہیں: ۱۔ پاکستان میں اردو سیرت نگاری، ایک تعارفی مطالعہ ۲۔ مطالعۂ سیرت اور برصغیر پاک و ہند ۳۔ اردو سیرت نگاری کے تین ادوار ۴۔ اسالیب سیرت۔ ۵۔ پاکستان میں سیرت نگاری کا آغاز، اہم کتب۔ ۶۔ مختلف موضوعات پر کتب سیرت۔ ۷۔ قرآن حکیم کی روشنی میں سیرت طیبہ۔ ۸۔ فہرست کتب سیرت قرآنی۔ ۹۔ ادبی پہلو۔ ۱۰۔ فہرست منظوم کتب سیرت۔ ۱۱۔ پی ایچ ڈی کے مقالات۔ ۱۲۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مبارک مذہبی کتب میں۔ ۱۳۔ مطالعۂ سیرت۔ ۱۴۔ محاضرات۔ ۱۵۔ خواتین کی سیرت نگاری۔ ۱۶۔ فہرست کتب سیرت خواتین۔ ۱۷۔ مقالات سیرت۔ ۱۸۔ تراجم سیرت۔ ۱۹۔ فہرست اردو تراجم سیرت۔ ۲۰۔ بچوں کے لیے کتب۔ ۲۱۔ مطالعۂ سیرت اور مستشرقین۔ ۲۲۔ سفرنامے۔ ۲۳۔ اٹلس/سیرت البم۔ ۲۴۔ سیرت کانفرنس۔ ۲۵۔ سیرت ایوارڈ یافتہ کتب۔ ۲۶۔ رسائل و جرائد۔ ۲۷۔ سیرت نگاری کا جائزہ۔

آخر میں گزارش ہے کہ سیرت پر لکھی گئی کتب کے پروف زیادہ توجہ سے پڑھنے کی ضرورت ہے۔ ان میں خواہ چند اغلاط ہی ہوں۔ وہ محسوس ہوتی ہیں۔ خیال رکھنا چاہیے۔	**(مبصر: جاوید اختر بھٹی)**

● ماہنامہ مسیحائی (مجاہدِ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نمبر)	ضخامت: ۵۵۶ صفحات	قیمت: ۵۰۰ روپے

ناشر و مدیرِ اعلیٰ: مخدوم زادہ احمد خیر الدین انصاری	بی ۱۹۷، بلاک A، شارع بابر نارتھ ناظم آباد کراچی ۷۴۷۰۰

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی سے والہانہ محبت اگر مسلمانوں کے لیے جینے کا اکلوتا سہارا ہے تو اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی کی ہزاروں جہات میں سے ہر ہر جہت لاتعداد خوبیوں کا